الحکم لله والملک لله

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت برآمدگی لکڑی از دریا	۱ و ۲
۲	رخصت ... نائب علاقہ داران وغیرہ	۲
۳	تقرر مشرف ...	۳
۴	ہدایت نسبت تحریر کاغذات متعلق تعزیرات	〃
۵	رخصت نائب تحصیلدار حضور تحصیل	〃
۶	رخصت سید ریاض الحسن	〃
۷	رخصت چھوٹے لال	〃
۸	رخصت ہاسپٹل اسسٹنٹ بلاسپور	〃
۹	عطاء سند وکالت	〃
۱۰	نقشہ بارش، نقشہ نرخ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

رائے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مناسب و منظور ہے۔ کاغذ صاحب موصوف کے پاس مرسل ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — میر ساماں

جناب عالی

ریونیو کمیٹی کے ان کاغذات میں مفصل ہیں کمیٹی کی رائے ہے کہ سیلاب سے بہہ کر آئی ہوئی لکڑی جو دریا سے برآمد کیجائے۔ اُس سے ایک حصہ ... اور دو حصہ نکالنے والے کو دیے جایا کریں تو لوگ بکوشش لکڑی نکالا کریں

جسقدر اسطرح پر لکڑی نکالی جائے وہ نیلام کیجائے اور زر نیلام سے دو حصہ نکالنے والے کو ملے۔ ایک حصہ سرکار میں رکھا جائے۔ چونکہ کمیٹی نے عام رکھی ہے یعنی اگر کوئی سرکاری لکڑی بہہ کر آئی ہو تو اسکا امتیاز دشوار ہوگا۔ تاہم اسکے واسطے بھی یہی صورت تجویز کیگئی ہے بداشت ترقی خواہ تین ثلث میں سے ایک ثلث نکالنے والے کو دیا جائے اور دو ثلث سرکار میں سیاہہ کیجائے تو مناسب ہے۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ جات

۴؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعا صاحب اسسٹنٹ انجنیر بہادر اہلکاران مفصلہ ذیل کا پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ کارکردگی و محنت یکم اکتوبر سنہ حال سے منظور فرمایا گیا۔

منشی دیدار خان علاقہ دار بلاسپور — سید عبد الحمید نائب علاقہ دار سوار —

منشی معین خان نائب علاقہ دار ملک — منشی عظیم اللہ خان نائب علاقہ دار ڈنڈہ

پنڈت اجودھیا پرشاد سب اوورسیر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

مسٹر وہٹ ہرن موٹر انجنیر کو بمشاہرہ مبلغ سو روپیہ ماہوار آج ۱۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء سے ابتداءً ایک ماہ کیواسطے کارخانہ موٹر کا انچارج بماتحتی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مقرر کیا جاتا ہے۔ اگر اس عرصے میں کام قابل اطمینان پایا جائیگا تو انکو مستقل کر دیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر واقع ۱۴؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

بموجب تحریر صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر انچارج محکمہ تعمیرات ۹؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء اہلکار دفتر ڈویژن کا غذات کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آئندہ محولہ کاغذات متعلق تعمیرات پر (صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر انچارج محکمہ تعمیرات) تحریر کیا کریں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

منشی اشرف علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی مزید رخصت رعایتی یکماہ بوضع نصف تنخواہ بوجہ بقائے علالت منظور کیگئی۔

۱۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر رخصت رعایتی دس یوم سید ریاض الحسنین نائب تحصیلدار متعینہ صدر کی ۱۵؍ اکتوبر سنہ حال سے منظور کیگئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت چھوٹے لال ریکارڈ کیپر بعوض سید حمید اصغر امیدوار ۱۲؍ اکتوبر سنہ حال سے ۲۰؍ اکتوبر تک منظور کیگئی نصف تنخواہ بعوض گزارہ بنصف امیدوار کو ملیگی۔

۱۴؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت رعایتی یک ماہ ڈاکٹر محمد بخش ہاسپٹل اسسٹنٹ بلا سپور بکارکردگی کمپونڈر منظور کیگئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۶؍ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

مثنہ درخواست عطائے وکالت محمد نبی خان ولد محمد یحییٰ خان امیدوار سند وکالت درجہ دوم

حسب منشا حکم مورخہ ۱۰؍ اکتوبر سنہ حال محمد نبی خان سائل کو سند وکالت درجہ دوم مشروط بامتحان دیجائے نقل حکم اطلاعاً عدالت جی کو مرسل ہو اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ اکتوبر ۱۹۱۶ء لغایت ۱۵ اکتوبر ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۰ اکتوبر ۱۹۱۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷
۱۱ " " چہارشنبہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷
۱۲ " " پنجشنبہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷
۱۳ " " جمعہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷
۱۴ " " شنبہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷
۱۵ " " یکشنبہ	۰	۵۹۵	۰	۵۲۶	۰	۴۴۵	۰	۵۷۱	۰	۵۳۵	۰	۴۲۷

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۵ اکتوبر لغایت ۲۲ اکتوبر ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ر	۸ر	۸ر	۹ر	۹ر	۹ر	
نخود خالص	۹ر	۱۰ر	۱۰ر	۱۰ر	۱۲ر	۱۰ر	
نخود و گندم آمیز	۱۰ر	۹ر	۱۰ر	۱۱ر	۱۲ر	۱۰ر	
[illegible]	۰	۰	۱۱ر	۱۱ر	۱۳ر	۱۱ر	
[illegible]	۸ر	۷ر	۷ر	۷ر	۷ر	۹ر	
مونگ	۷ر	۰	۷ر	۰	۶ر	۷ر	
[illegible]	۰	۱۲ر	۱۲ر	۱۵ر	۱۸ر	۱۲ر	
[illegible]	۱۱ر	۰	۱۳ر	۱۵ر	۱۳ر	۱۳ر	
گوجی	۰	۰	۱۱ر	۱۱ر	۱۱ر	۱۲ر	
عدس	۵ر	۰	۱۱ر	۰	۷ر	۰	
ارہر	۹ر	۰	۱۱ر	۰	۷ر	۰	
[illegible]	۷ر	۶ر	۸ر	۷ر	۷ر	۸ر	
روغن زرد	۱ر	۱ر	۱ر	۱ر	۱ر	۱ر	
روغن سیاہ	۲ر		۲ر	۲ر	۲ر	۲ر	
روغن کنجد	۲ر	۲ر	۲ر	۲ر	۲ر	۲ر	
نمک سانبھر	۱۱ر	۱۳ر	۱۳ر	۱۱ر	۱۲ر	۱۲ر	
نمک لاہوری	۸ر	۱۳ر	۱۰ر	۸ر	۱۰ر	۱۲ر	
قند سیاہ	۵ر	۵ر	۵ر	۱۴ر	۱۴ر	۱۴ر	
باجرہ	۰	۰	۸ر	۰	۰	۰	